**13.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

---------------------------------

- ☆ مرکز نے ریاستوں اور اپنے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ غیر معیاری اور سبسڈی والی کیمیاوی کھادوں کی فروخت اور بلیک مارکیٹنگ کی روک تھام کیلئے سخت کارروائی کریں۔
- ☆ ریلوے کا محکمہ، مسافروں کی حفاظت میں اضافے کیلئے سبھی ریل ڈبوں اور انجنوں میں CCTV کیمرے نصب کرے گا۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ برہموس میزائل کی مانگ میں، آپریشن سندور کے دوران اِس کی قابل تعریف کارکردگی کے بعد عالمی سطح پر اضافہ ہوا ہے۔
- ☆ یوروپی یونین نے اپنی برآمدات پر 30فیصد محصول عائد کرنے کی، ٹرمپ کی دھمکی پر افسوس ظاہر کیا ہے۔
- ☆ لارڈس کرکٹ میں، تیسرے ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں انگلینڈ اور بھارت کے درمیان میچ جاری ہے۔
- ☆ اور ومبلڈن ٹینس میں، مردوں کے سنگلز کے فائنل میں دنیا کے نمبر ایک، اٹلی کے یانِک Sinner اور دفاعی چمپئن اسپین کے کارلوز الکاراز کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

***Centre Fertilizer***

مرکز نے ریاستوں اور اپنے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ نقلی اور غیرمعیاری کیمیاوی کھادوں کی روک تھام کیلئے فوری اور سخت کارروائی کرے۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزراء اعلیٰ کو خط لکھا ہے۔ یہ خط پورے ملک میں نقلی کیمیاوی کھادوں کی فروخت، سبسڈی والی کیمیاوی کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ اور زبردستی Tag لگائے جانے کی غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے مقصد سے جاری کیا گیا ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ زراعت، بھارتی معیشت اور کسانوں کی آمدنی میں استحکام لانے کو یقینی بنانے کا انتہائی اہم حصہ ہے جو اِن کسانوں کو صحیح وقت اور مناسب قیمتوں پر، کوالٹی والی کیمیاوی کھادیں فراہم کرنے کیلئے لازمی ہے۔

ایک رپورٹ ......

VC Suparna

مرکز نے کہا ہے کہ یہ ریاستوں کی ذمے داری ہے کہ وہ جہاں کہیں ضرورت ہو، کیمیاوی کھادوں کو صحیح جگہ پر وافر مقدار میں فراہم کرائیں۔ ریاستوں سے کہا گیا ہے کہ وہ سخت قانونی کارروائی کریں جس میں لائسنس منسوخ کیا جانا اور قصورواروں کے خلاف FIR درج کیا جانا بھی شامل ہے۔ حکومت نے سبھی ریاستوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ نقلی اور غیرمعیاری زرعی سامان کے مسئلے کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے، ہر ریاست میں ایک مہم شروع کریں۔ مرکز نے نمونے حاصل کرکے اور جانچ کے ذریعے کیمیاوی کھادوں کی پیداوار، فروخت اور نقلی کیمیاوی کھادوں پر سختی سے قابو پانے کیلئے، اِن سرگرمیوں پر لگاتار نظر رکھنے کیلئے بھی کہا ہے۔ ریاستوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اصلی اور نقلی مصنوعات کے بارے میں کسانوں کو معلومات فراہم کرنے کیلئے خصوصی کوششیں کریں۔

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## Raylway CCTV Camera

ریلوے کے محکمے نے مسافروں کی حفاظت میں اضافے کے مقصد سے سبھی ریل ڈبوں میں CCTV کیمرے نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور ریلوے کے وزیر مملکت رونیت سنگھ بٹّو نے انجنوں اور ڈبوں میں CCTV کیمرے نصب کرنے کے کام میں پیشرفت کا جائزہ لیا۔ ڈبوں میں، مسافروں کے آنے جانے کے حصوں میں کیمروں کو نصب کرنے کا مقصد، مسافروں کی حفاظت اور سلامتی کے ماحول کو بہتر بنانا ہے۔ مسافروں کی رازداری کے تحفظ کیلئے CCTV کیمرے دروازوں کے قریب آنے جانے کی عام جگہوں پر لگائے جائیں گے۔ جناب ویشنو نے سبھی 74ہزار ڈبوں اور 15ہزار انجنوں میں CCTV کیمرے لگانے کی منظوری دی ہے۔x

## Rajnath Brahmos Missile

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ برہموس میزائل نے آپریشن سندور کے دوران نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے بعد غیر ممالک میں برہموس میزائل کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے۔ اپنے پارلیمانی حلقے لکھنؤ کے دورے کے دوسرے دن نیشنل PG کالج میں اترپردیش کے سابق وزیر اعلیٰ چندر بھانو گپتا کے مجسّمے کی نقاب کشائی کے بعد وزیر دفاع نے کہا کہ 14ممالک نے برہموس میزائل کا مطالبہ کیا ہے اور اِن کی برآمدات لکھنؤ سے کی جائے گی۔

S/B 2100 Rajnath Singh Brahmos 23 SEC

وزیر دفاع نے کہا کہ اترپردیش ملک کے سیاسی سفر کا ایک اہم مرکز ہے۔ یہ ریاست ملک کا رخ طے کرتی ہے اور یہاں پیدا ہونے والے رہنماؤں اور مجاہدین آزادی نے ہمیشہ اِس ملک کو نئی بلندیوں تک پہنچایا ہے۔ چندر بھانو گپتا اُن رہنماؤں میں شامل ہیں جنھوں نے ملک کو صحیح سمت میں لے جانے میں اپنا اہم کردار ادا

کیا۔ وزیر موصوف نے اِس موقع پر اُن کے اعزاز میں ایک ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔x

### GST Collections

ملک میں مجموعی راست ٹیکس وصولی میں پچھلے دس سال کے دوران 275فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ 2013-14اور 2024-25کے درمیان ٹیکس محکمے کی طرف سے جاری Refunds میں 474فیصد کا اضافہ ہوا اور ٹیکس دہندگان کی تعداد میں 133فیصد تک اضافہ ہوا۔ ٹیکس Refunds میں لگنے والے وقت میں بھی کمی آئی ہے۔ 2013میں ٹیکس Refunds میں 93دن لگتے تھے لیکن 2024میں محض 17دن لگے ہیں۔x

### FPIs

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs کا 11جولائی کو ختم ہفتے میں بھارت کی شیئر مارکیٹ میں سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری رہا۔ اس طرح یہ سرمایہ کاری تین ہزار 839 کروڑ روپے کے بقدر رہی۔ یہ رقم اپریل، مئی اور جون میں کی گئی خریداری کے علاوہ ہے، کیونکہ سرمایہ کار کمپنیوں نے اپریل میں چار ہزار 223 کروڑ روپے، مئی میں 19 ہزار 860 کروڑ روپئے اور جون میں 14ہزار 590 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی۔x

### Odish Complaint

اڈیشہ میں بالاسور ضلع کے Fakir Mohan Autonomous کالج کی ایک طالبہ نے ایک اسسٹنٹ پروفیسر پر جنسی طور پر ہراساں کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کالج کے احاطے میں خود کو آگ کے حوالے کردیا۔ طالبہ کو بھوبنیشور کے ایمس میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اُن کی حالت نہایت ہی نازک ہے کیونکہ اُن کا جسم 90فیصد سے زیادہ جھلس گیا ہے۔ کالج ہی کے ایک دوسرے طالب علم جنھوں نے انھیں بچانے کی کوشش کی، کو بھی کافی زخم آئے ہیں۔ پولیس نے اسسٹنٹ پروفیسر کو گرفتار کرلیا ہے۔ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے اڈیشہ سرکار نے کالج کے پرنسپل اور اسسٹنٹ پروفیسر کو معطل کردیا ہے۔ اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے آج سہ پہر ایمس بھوبنیشور کا دورہ کیا۔ طالبہ کے علاج ومعالجے کے بارے میں جانکاری حاصل کی اور اُن کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اپوزیشن BJD اور کانگریس نے بھوبنیشور میں احتجاج کیا اور اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ اور اعلیٰ تعلیم کے وزیر کے استعفے کا مطالبہ کیا۔x

### Kargil Diwas

لداخ میں بھارتی افواج نے کارگل وجئے دِوَس کے 26ویں سالانہ تقریب کے موقع پر Kumbathang سے Randhawa ٹاپ تک ایک یادگار بائک ریلی کا اہتمام کیا۔ اس ریلی میں کُل 50بائک سواروں نے شرکت کی، جس کا مقصد 1999کے آپریشن وجئے کے دوران اپنی جان نچھاور کرنے والے بہادر فوجیوں کو دلی خراج تحسین پیش کرنا تھا۔x

### Vaishno Devi

جموں و کشمیر میں شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں ہوئی اپنی 75ویں میٹنگ میں روحانیت اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے مقصد سے ایک اہم اقدام کی شروعات کرتے ہوئے Reasi ضلعے میں پانچ نئے مندروں کو عوام کیلئے وقف کرنے اور پانچ مزید مندروں کی تعمیر کی منظوری دی ہے۔ اِس اقدام کے حصے کے طور پر شرائن بورڈ نے آج ضلعے کے مختلف علاقوں میں باضابطہ طور پر پانچ مندروں کو عوام کیلئے وقف کیا۔

### Amarnath Yatra Accident

آج جموں وکشمیر کے کلگام ضلع میں TachLoo علاقے کے قریب سری نگر–جموں قومی شاہراہ پر تین بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، جس میں کم از کم 17 امرناتھ یاتری زخمی ہوگئے۔ زخمی ہونے والے تمام افراد مدھیہ پردیش کے رہنے والے ہیں اور وسطی کشمیر کے گاندھربل ضلعے کے Baltal بیس کیمپ کی جانب جارہے تھے۔ کلگام ضلعے کے SSP نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب بس بے قابو ہوکر دیگر دو بسوں سے جا ٹکرائی۔ جموں کشمیر پولیس نے حادثے کی جانچ شروع کردی ہے۔x

### Truck Fire

تمل ناڈو میں آج صبح Thiruvallur کے نزدیک ایک مال گاڑی پر موجود ڈیزل ٹینکر میں آگ لگ گئی۔ یہ ٹرین Ennore سے آرہی تھی۔ Walajabad جانے والی اِس ٹرین پر ہائی اسپیڈ ڈیزل کے 45 ٹینکرس تھے اور یہ Thiruvallur ضلعے کے Egattur کے نزدیک حادثے کا شکار ہوگئی۔ آگ لگنے کی وجہ کا پتہ نہیں چل سکا ہے۔ آگ بجھانے والے عملے نے آگ پر قابو پالیا ہے اور دوسرے ٹینکروں میں ڈیزل ٹرانفسر کرنے کا عمل جاری ہے۔ کئی مسافر ٹرین اور مال گاڑیوں کا راستہ بدلا گیا ہے اور چنئی سے Arakkonam کے درمیان ریل خدمات عارضی طور پر معطل ہیں۔ ریلوے کے مطابق اب تک کسی کے زخمی ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔ x

### PM Condolence

وزیر اعظم نریندر مودی نے آزمودہ کار تیلگو اداکار کوٹا سری نواس راؤ کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ تیلگو اداکار کا حیدرآباد میں آج اُن کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا تھا۔ وہ 83 برس کے تھے۔ وزیر اعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ کوٹا سری نواس راؤ کو اُن کی سنیما کی صلاحیتوں اور اُن کے کام کی گوناگونیت کیلئے یاد رکھا جائے گا۔x

### President Odisha Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے اڈیشہ میں بھوبنیشور اور کٹک کا دو روزہ دورہ کریں گی۔ وہ ایمس بھوبنیشور

کی، تقسیم اسناد کی پانچویں سالانہ تقریب میں شرکت کریں گی۔   منگل کو صدر مرمو Ravenshaw یونیورسٹی کی تقسیم اسناد کی تیرھویں سالانہ تقریب میں شرکت کریں گی اور کٹک میں لڑکیوں کے Ravenshaw ہائی اسکول کی تین عمارتوں کی تجدید کے کام کا سنگ بنیاد رکھیں گی۔x

### Mos Mea Asean

امور خارجہ ک وزیر مملکت Pabitra Margherita نے آج کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور بھارت— بحرالکاہل وژن کا بنیادی حصہ ہے اور بھارت—آسیان اتحاد اور اس کی مرکزیت کا مضبوطی سے حمایت کرتا ہے۔ کوالالمپور میں آسیان—بھارت وزراء خارجہ میٹنگ کے افتتاحی خطاب میں جناب Margherita نے کہا کہ بھارت— بحرالکاہل کے بارے میں آسیان کے نقطۂ نظر اور بھارت— بحر الکاہل کے سمندروں کے درمیان ہم آہنگی، خطے کیلئے اچھی علامت ہے۔x

### IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے دو دنوں تک راجستھان اور مدھیہ پردیش میں شدید سے بہت شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے اس ماہ کی 16 تاریخ تک مشرقی بھارت میں تیز سے بہت تیز بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ بدھ کے روز تک جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، ہریانہ اور اترپردیش میں اسی طرح کے موسمی حالات رہنے کا امکان ہے۔اس دوران دلی این سی آر کے کچھ حصوں میں دھول بھری آندھی کے ساتھ تیز بارش کا امکان ہے، جس سے موسم کی نمی سے راحت کی توقع ہے۔ x

### Bangladesh Notification

بنگلہ دیش میں عبوری حکومت نے فوج، بحریہ اور فضائیہ میں، کمیشنڈ افسران کے، مجسٹریٹ کی حیثیت والے اختیارات کی مدت میں ایک بار پھر توسیع کی ہے۔ یہ توسیع مزید 60دن کیلئے کل سے کی گئی ہے۔ سرکاری انتظامیہ کی وزارت نے آج اِس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کیا۔ عبوری حکومت نے کمیشنڈ فوجی افسران کو، مجسٹریٹ کی حیثیت والے اختیارات، پچھلے سال 17 ستمبر کو تفویض کئے تھے۔ اختیارات کی مدت 60دن تھی، جس کا مقصد نظم وضبط کی صورتحال کو بہتر بنانا تھا۔ یونائیٹڈ نیوز آف بنگلہ دیش نے بتایا ہے کہ بعد میں اِس سال 12 جنوری، 13مارچ اور 13مئی کو بھی اِس مدت میں اضافہ کیا گیا تھا۔x

### EU Mexcico Criticise US

یوروپی یونین اور میکسیکو نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے آئندہ یکم اگست سے درآمدات پر 30 فیصد محصول عائد کرنے کی دھمکی پر ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ یوروپی یونین کی سربراہ Ursula Von Der leyen نے دھمکی دی ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو مناسب جوابی کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب میکسیکو نے ٹرمپ کے

معاہدے کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے تنقید کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ اس کی خود مختاریت سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دونوں لیڈران نے کہا کہ وہ امریکہ کے ساتھ بات چیت جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ اس ہفتے ٹرمپ نے یہ بھی اعلان کیا تھا کہ اگلے مہینے سے جاپان، جنوبی کوریا، کینیڈا اور برازیل سے امریکہ آنے والی اشیاء پر نئے محصولات نافذ ہوں گے۔ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی امریکی شراکت دار نے بھی جوابی کارروائی کا فیصلہ کیا تو وہ مزید محصول عائد کریں گے۔ x

### *Wimbledon*

ومبلڈن ٹینس میں مردوں کے سنگلز کا فائنل میچ، عالمی نمبر ایک کھلاری اٹلی کے یانِک Sinner اور دو مرتبہ کے دفاعی چمپئن اسپین کے الکاراز کارلوز کے درمیان آل انگلینڈ کلب میں جاری ہے۔ الکاراز نے پہلے سیمی فائنل میں امریکہ کے Taylor Fritz کو، جبکہ Sinner نے سربیا کے نوواک جوکو وچ کو دوسرے سیمی فائنل میں ہراکر فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔

اس دوران Veronika Kudermetova اور Elise Mertens کی جوڑی نے Hsieh Su-Wei اور Jelena Ostapenko کی جوڑی کو فائنل مقابلے میں تین–صفر، چھ–دو، چھ–چار سے شکست دے کر خواتین کا ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ یہ Kudermetova کا پہلا بڑا، جبکہ Mertens کا پانچواں بڑا خطاب ہے۔ x

### *Cricket*

لارڈس کرکٹ میں، اینڈرسن–تیندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میں بھارت نے کھیل کے چوتھے دن انگلینڈ کے خلاف اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے۔انگلینڈ کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں صرف 192رن ہی بناسکی۔ انگلینڈ نے جیت کیلئے 193رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے میزبان ٹیم نے چوتھے دن اپنی اننگز کے اپنے کل کے اسکور، بغیر کسی وکٹ کے نقصان کے، دو رن سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔ پانچ میچوں کی یہ سیریز فی الحال ایک–ایک سے برابر ہے۔x

### *MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New*

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں کل رات ساڑھے نو بجے ''بارش کے پانی کو واپس زمین میں پہنچائے جانے اور پانی کے تحفظ میں اس طریقِ کار کی اہمیت'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، گنگا کی صفائی ستھرائی کے قومی مشن کے سابق ڈائریکٹر جنرل جی اشوک کمار اور ماحولیات کے ماہر ڈاکٹر اروِند کمار کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک–دو تین، سات ایک– سات ایک، ایک سات۔

اور

صفر ایک ایک – دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو – صفر نو چار صفر – چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆